حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

یوتھ انٹرنیشنل

لاہور
پاکستان

فلمسٹار صاحبہ کروڑ پتی
کے عشق میں گرفتار ہے،
خصوصی رپورٹ

مجھے شادی
کرنا پڑیگی
مس ناہید خان

اپوزیشن احتساب سے
بچنے کے لئے شور
مچا رہی ہے
مس ناہید خان
پولیٹیکل سیکرٹری وزیراعظم پاکستان

حکومت کی ناقص
پالیسیاں بیرونی سرمایہ کاری
کی راہ میں رکاوٹ ہیں

ابوظہبی میں مقیم ممتاز محب وطن تاجر
چوہدری ارشد کا تازہ ترین انٹرویو

مسلم کمرشل بنک کا
بلوچستان کی صنعت و تجارت
کے فروغ میں اہم
رول ہے۔

محمد خلیل بلوچ جنرل مینیجر مسلم کمرشل بنک بلوچستان

بیرونی سرمایہ کاری کیلئے
پاکستان ایک پرکشش
ملک ہے

ایگری آٹو انڈسٹریز کے مینجنگ ڈائریکٹر
انجینئر نجم الحسن کی باتیں

سید عبداللہ شاہ سندھ میں
پاکستان کی بقاء کی جنگ
لڑ رہا ہے ۔ سید غوث علی شاہ

ممتاز ڈریس ڈیزائنر مہ جبیں کے خوبصورت بوتیک کا افتتاح

اردو، انگریزی زبان میں شائع ہونے والا بین الاقوامی نیوز میگزین تازہ
ترین حالات و واقعات پر مبنی رپورٹوں اور جواں جذبوں کا ترجمان

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ
اشاعت گورنمنٹ آف پاکستان وزارت اطلاعات کی
سنٹر میڈیا لسٹ میں شامل

ماہنامہ

یوتھ انٹرنیشنل

لاہور پاکستان

جلد 7 شمارہ 3 4 ماہ مارچ اپریل 1995 قیمت خصوصی شمارہ قیمت عام فی شمارہ 25 روپے

مس ناہید خان پولیٹکل سیکرٹری برائے وزیر اعظم پاکستان صفحہ 4
ممتاز ڈریس ڈائزائنر مہ جبیں کے بوتیک کا افتتاح صفحہ 8
وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر امور نوجوانان سید غوث علی شاہ کا انٹرویو
صفحہ 9
ایڈمی بھی ایجنیوں کے ایجنٹ نکلے اہم معلوماتی آرٹیکل صفحہ 13
ہائے یہ مہنگائی صفحہ 14
ممتاز انجینئر نجم الحسن مینیجنگ ڈائریکٹر انجری آٹو انڈسٹریز کراچی کا انٹرویو
صفحہ 15
محمد خلیل بلوچ جنرل مینیجر مسلم کمرشل بنک بلوچستان کا انٹرویو
صفحہ 18
بلوچستان کے صوبائی وزیر محمد سرور خان کاکڑ کا انٹرویو صفحہ 21
ابوظہبی کے ممتاز پاکستانی چوہدری محمد ارشد کا اہم انٹرویو صفحہ 23
شیخ زاید بن سلطان النہیان کے کارہائے نمایاں صفحہ 28
میاں اقبال چشتی خان قیوم سے ولی خان تک صفحہ 29
پشاور کے ممتاز پروموٹر فضل مقیم قاضی کا انٹرویو صفحہ 30
پیپلز ٹریڈرز ونگ سردار کالم کا انٹرویو صفحہ 32
ممتاز پروموٹر منظور حسین ڈوگر کا انٹرویو صفحہ 33
تصویری جھلکیاں صفحہ 34
فلمسٹار صاحبہ کا کروڑپتی سے عشق صفحہ 36
سفارتی تقریبات کی جھلکیاں

ایڈیٹر انچیف

ایڈیٹر انچیف صدیق القادری
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر ایم وسیم بھٹی
مس روبینہ۔ توصیف القادری۔ ابوذر منصور۔
فوٹوگرافرز عبدالرفیق۔ تجمل نوید
ساجد محمود۔ آصف زیدی
بزنس اکمرشل ایڈورٹائزنگ تنویر صدیق
سرکولیشن مینیجر تحسین القادری

اندرون ملک نمائندگان

کوئٹہ: محمد انور شاہ فون: 835562 فیکس: 820627
12-13 السید بلڈنگ جناح روڈ کوئٹہ بلوچستان
کراچی: عبدالودود خان 96۔ فینسی کوڈنیری مارکیٹ شاہراہ لیاقت کراچی
فون: 7763414
اسلام آباد: شیعب پٹھان اصغر علی فون: 470601
راولپنڈی: فیضان الحق فون: 500238
گلگت: شہزادہ حسین ایم سعید حسین فون: 2747 پوسٹ بکس 514 گلگت
پشاور: گل غنی خان فون: 60589 صرافہ بازار پشاور

بیرون ملک نمائندگان

امریکہ: عابد محبوب
جرمنی: محمد عارف سلیمی
ابوظبی: سید صغیر جعفری
دوبئی: نعیم چوہدری
سعودی عرب: سلطان احمد
برطانیہ: اختر کیانی لندن

پبلشرز ایڈیٹر انچیف: محمد صدیق القادری نے طیب اقبال پرنٹنگ پریس رائل پارک سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل چھٹی منزل ایوان اوقاف بلڈنگ دی مال لاہور۔ پاکستان سے شائع کیا

پتہ خط و کتابت: ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل پوسٹ بکس 2346 لاہور پاکستان

Long live Pak-UAE Friendship

Gulf Services Office

SHIPPING, CLEARING AND FORWARDING, TRANSPORT

Abdulla Sultan Rashid Al Rumaithi Bldg. Sh. Khalifa Bin Zayed Road, Abu Dhabi, UAE
Com Reg. 3646. P.O. Box. 7556 Tel: 343734/325423 Telex: 22973 ANCHOR EM

پولیٹیکل سیکرٹری

دختر پنڈی وزیراعظم پاکستان کی مس ناہید خان کہتی ہیں

میرے نزدیک بے نظیر بھٹو بین الاقوامی سطح کی عظیم لیڈر شخصیت ہیں

□ اپوزیشن احتساب کے ڈر سے شور مچا رہی ہے

□ ....اور لگتا ہے اب مجھے شادی کرنی ہی پڑے گی

خوبصورت جھکی ہوئی بڑی بڑی آنکھیں، سرخ و سفید رنگت، حسین و جمیل نقوش، دل موہ لینے والی مسکراہٹ، خوش اخلاق، خوش لباس، دراز قد و قامت، دھیما پن، قائدانہ انداز گفتگو، اعلیٰ تعلیم کے زیور سے آراستہ خوب سیرتی سے مالا مال پر وقار متاثر کن شخصیت کی مالک مس ناہید خان........

آپ پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن، وزیراعظم پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو کی پولیٹیکل سیکرٹری ہیں۔ با عزت روایتی پٹھان فیملی سے تعلق جہاں عورتوں کو مردوں کے سامنے آنے کی اجازت نہیں ہوتی، ایسے ماحول میں بھی آپ کے والد بے حد روشن خیال اور ترقی پسند تھے پٹھان سوسائٹی میں رہتے ہوئے بھی انہوں نے کبھی لڑکے اور لڑکی کے مابین کوئی فرق روا نہیں رکھا اپنے والد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے مس ناہید کہتی ہیں میری تربیت اور شخصیت بنانے میں میرے والد کا بہت اہم کردار ہے میرے والد ہی تھے جنہوں نے میرے زمانہ طالب علمی کے میں ہر تاریک ہو ورنہ صرف رہنمائی کی بلکہ غیر نصابی سرگرمیوں میں بھرپور حوصلہ افزائی کی جس کی بدولت میری شخصیت میں بھرپور اعتماد اور پختگی آئی......

اپنے تعلیمی کیریئر کے بارے میں مس ناہید کا کہنا ہے کہ میری تعلیمی تربیت میں میری ٹیچر ڈاکٹر کنیز یوسف وائس چانسلر قائداعظم یونیورسٹی کا سب سے زیادہ کردار ہے انہی کی خصوصی تربیت، بھرپور توجہ اور رہنمائی کی بدولت میں اعلیٰ تعلیم کے زیور سے مستفید ہوئی اور قائداعظم یونیورسٹی سے ایم ایس سی میں ماسٹر ڈگری حاصل کی۔

مس ناہید اپنے خیالات کو مزید وسیع کرتے ہوئے تاثرات پیش کرتی ہیں کہ وہ عوامی شخصیتوں میں قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کی عالمی سیاسی شخصیت سے متاثر ہیں انہیں سٹوڈنٹ لائف میں صرف ایک مرتبہ بھٹو صاحب کی سحر انگیز شخصیت سے ملنے کا موقع بحیثیت سیاسی کارکن یہ اعزاز بہت بڑا اعزاز ہے بھٹو صاحب کی شخصیت پاکستان کے غریب عوام کے لئے بے شمار تاریخی کارناموں کا عکس ہے پاکستان کی تاریخ میں صرف بھٹو ہی تھے جنہوں نے مظلوم عوام کو حقوق حاصل کرنے اور باوقار زندگی گزارنے کا راستہ بتلایا پسے ہوئے طبقوں کو ظلم و ستم سے بچانے کے لئے وہ خود میدان عمل میں نکل آئے حتیٰ کہ انہی کے حقوق کے لئے لڑتے لڑتے شہادت کو گلے لگا لیا مس ناہید کے نزدیک بھٹو صاحب ہی پاکستان کی سیاست میں وہ رہنما ہیں جنہوں نے مزدوروں، کسانوں اور طالب علموں کو اپنی آواز بلند کرنے اور حقوق حاصل کرنے کا حوصلہ دیا جس کی بدولت پاکستان کی سیاست میں عوامی انقلاب پیدا ہو گیا مس ناہید خان نے اپنی سیاست کا آغاز پیپلز پارٹی سے کیا آپ کی بھٹو خاندان سے وابستگی کسی قسم کے لالچ یا ذاتی مفاد سے بالاتر ہے مشکل سے مشکل حالات میں بھی انہوں نے بڑی جانفشانی، حوصلہ مندی اور ثابت قدمی سے محترمہ بے نظیر بھٹو کا ساتھ نبھایا انہی اعلیٰ خوبیوں اور وفاداریوں کی قدر کرتے ہوئے انہیں اپنی پولیٹیکل سیکرٹری مقرر کیا پھر حکومت کی باگ ڈور سنبھالتے ہی محترمہ نے انہیں اپنی پولیٹیکل ایڈوائزر مقرر کیا مس ناہید نے اپنی شبانہ روز محنت اور کاوشوں کی بدولت پیپلز پارٹی میں اپنا ایک خاص مقام پیدا کر کے اپنی بے پناہ قابلیتوں اور صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔

آج ان کا شمار محترمہ بے نظیر بھٹو کی انتہائی قریبی اور وفادار ساتھیوں میں ہوتا ہے۔ مس ناہید اپنی سیاسی لائف اور پسندیدہ بین الاقوامی سیاسی شخصیت کے بارے میں بتاتی ہیں مجھے دنیا کی کئی اہم بین الاقوامی شخصیتوں سے ملاقاتوں کے مواقع ملے ہیں لیکن میں صدیق الفاروق صاحب آپ کو دیانتداری سے بتانا چاہتی ہوں بین الاقوامی سیاسی شخصیتوں میں صرف محترمہ بے نظیر بھٹو کی شخصیت سے متاثر ہوئی ہوں مس ناہید کے اس متوقع جواب پر میں نے ازراہ مزاح لقمہ دیتے ہوئے کہا مس ناہید صاحبہ کیا محترمہ بے نظیر بھٹو کی خوش آمد تو نہیں ہو رہی.......

مس ناہید کے خوبصورت چہرے پر مزید سرخ رنگت نمایاں ہوئی بولیں صدیق الفاروق صاحب میں یہ خوش آمد نہیں بلکہ دل کی گہرائیوں سے اپنے احساسات جذبات کا اظہار کر رہی ہوں۔ قادری صاحب یقین مانیے محترمہ بے نظیر بھٹو دنیا کی خوبصورت، ذہین و فطین عوامی لیڈر شخصیت ہیں ان کے اندر بے شمار انسانی قدریں ہیں انسانی ویلیوز کی بہت قدر کرتی ہیں ان کے دل میں غریب لوگوں کے لئے بے پناہ محبت ہے وہ ملک و قوم کی خدمت کا وسیع جذبہ رکھتی ہیں ایک دردمند عورت ہونے کے ناطے دوسروں کی خدمت کر کے دلی سکون محسوس کرتی ہیں جو کہتی ہیں اسے کر کے دکھاتی ہیں......

پاکستان کی واحد سیاستدان ہیں جو پریکٹیکل ورک اور پریکٹیکل لائف پر یقین رکھتی ہیں میں نے اپنی 19 سالہ رفاقت میں بے نظیر بھٹو میں تعصب نام کی کوئی چیز نہیں دیکھی وہ انسانی جذبات کو سمجھتی ہیں نجی و سیاسی لائف میں ہمیشہ درگذر سے کام لیتی ہیں مخالفوں کو معاف کرنے والی مذہبی اقدار اور روایات سے محبت کرنے والی عام وسیع خاتون ہیں میں نے اپنی سیاسی لائف میں بے نظیر بھٹو سے بہتر کسی شخصیت کو نہیں دیکھا میری سیاسی زندگی کا آغاز بھی ان کی تربیت اور رفاقت سے شروع ہوا میری شخصیت کو نکھارنے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر متعارف کرانے کا سہرا بھی محترمہ بے نظیر بھٹو ہی کو جاتا ہے آج میں جو کچھ بھی ہوں انہی کی مرہون منت ہوں........

مس ناہید کی گفتگو کا تسلسل ٹوٹتے ہی میں نے فوراً ایک ذاتی سوال کر دیا۔ آپ کا شادی کے بارے میں کیا خیال ہے۔ میرے غیر متوقع سوال پر مس ناہید ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ یوں گویا ہوئیں مجھے دراصل پالیٹکس میں دن رات مصروفیات کی وجہ سے شادی کے بارے میں سوچنے کا موقع ہی نہیں ملا حالانکہ میرے خاندان کا مجھ پر بہت زیادہ دباؤ ہے کہ میں شادی کروں ویسے بھی میں سمجھتی ہوں کہ ہمارے اسلامی معاشرے میں عورت کو شادی ضرور کر لینی چاہئے اور لگتا ہے کہ اب مجھے بھی شادی کرنا پڑے گی مس ناہید کا معصومانہ جواب سن کر میرے ذہن میں چند اور سوال ابھرے......

لیکن ان کی اور سادگی کو بھانپتے ہوئے میں نے آئندہ کسی انٹرویو کے لئے محفوظ رکھ لئے..........

موضوع کو بدلنے کے لئے ناہید خان سے میرا سوال تھا انتھک خدمات کے باوجود پیپلز پارٹی میں آپکی مخالفت کیوں ہے؟

میرے سوال پر مس ناہید نے انتہائی سنجیدگی کے ساتھ کہا مجھے اپنی مخالفت اور کردار کشی کی کوئی پرواہ نہیں میرا ضمیر مطمئن ہے مجھے اللہ تعالیٰ کی ذات پر مکمل بھروسہ ہے اللہ دلوں کے راز جانتا ہے میں نے اپنی زندگی بھٹو خاندان اور پارٹی کے لئے وقف کی ہوئی ہے مجھے فخر ہے کہ میری قائد محترمہ بے نظیر بھٹو کا مجھے مکمل اعتماد اور بھروسہ حاصل ہے یہ میرے لئے کسی اعزاز سے کم نہیں......

پیپلز پارٹی کی تنظیم نو کے بارے میں میرے سوال کے

جواب میں ناہید خان نے بتایا ہم نے پیپلز پارٹی کے اندر نچلی سطح سے لے کر اوپر کی سطح تک دوبارہ آرگنائز کرنے کا فیصلہ کیا ہے پارٹی کے بنیادی ڈھانچے میں دور جدید کے تقاضوں کے مطابق تبدیلی کر رہے ہیں پارٹی میں تنظیم نو کے لئے یہ تجویز بھی زیر غور ہے کہ پارٹی کے ڈویژنل عہدے ختم کر دیئے جائیں اور پارٹی کی شاخیں صرف ضلعی سطح تک بنائی جائیں ضلعی عہدے دار پارٹی کی تنظیم کو زیادہ بہتر طریقے سے چلائیں کے ان کے اختیارات بھی زیادہ ہوں گے ضلعوں کے نیچے ہم پارٹی کی ہر وارڈ کی تنظیم بھی پولنگ اسٹیشن تک بنائیں گے جو پولنگ اسٹیشن کی سطح سے ضلع کی سطح تک ہوں گی ملکی الیکشن یا بلدیاتی الیکشن کے جو پولنگ اسٹیشن ہوں گے ان میں پارٹی کی شاخیں ہر پولنگ اسٹیشن میں موجود ہوں گی۔ پارٹی کے اس نئے ڈھانچے کی منظوری پارٹی سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی اور چیئرپرسن سے ملے گی۔

میرا سوال تھا کیا پیپلز پارٹی اور حکومت میں مخلص اور بے لوث کارکنوں کو بھی اہمیت جگہ ملے گی؟

میرے اس سوال پر مس ناہید خان نے کہا پیپلز پارٹی ایک عوامی پارٹی ہے اس پارٹی میں ملک بھر سے زندگی کے تمام شعبوں اور طبقوں کے لوگ شامل ہیں جو جمہوریت کی بحالی کے لئے مارشل لاء کے سخت ترین حالات میں جدوجہد کرتے رہے پارٹی کے مخلص بے لوث کارکن ہی ہمارا عظیم اثاثہ ہیں انہی ورکروں کی بھٹو خاندان، پارٹی اور جمہوریت کی بحالی کے لئے بے پناہ قربانیاں ہیں ہم تاپنے اپنے بے لوث ورکروں کو کسی صورت میں نظر انداز نہیں کر سکتے کیونکہ ہمارا ایمان ہے جدید تہذیب، سیاست اور اقتصادی ترقی اور خوشحالی کے لئے عام لوگوں کو متحرک کرنا ہے اس کے بعد ہی جمہوری بنیاد پر ترقی کرنے والا معاشرہ بنتا ہے۔ ہم اپنے مخلص اور بے لوث قربانیاں دینے والے کارکنوں پر فخر کرتے ہیں ان کو ہمیشہ پارٹی میں مناسب جگہ اور اہمیت دیتے رہیں گے۔

اپوزیشن کا آپ کی حکومت اور پارٹی پر الزام ہے کہ ہارس ٹریڈنگ کر رہی ہے

دیکھیں جی ہم ہارس ٹریڈنگ اور فرقہ پرستی کے مخالف ہیں میری اس بات کا ثبوت ریکارڈ پر موجود ہے ہم ہارس ٹریڈنگ، ذات برادری، فرقہ پرستی اور اقتصادی رشوت کے اس نظام کے خلاف طویل عرصے سے جدوجہد کر رہے ہیں۔

(س) تو پھر صوبہ سرحد میں شیرپاؤ حکومت کو لانے کے لئے ہارس ٹریڈنگ نہیں تو کیا ہوا میرا سوال تھا۔

مس ناہید خان کچھ دیر خاموش رہی تو پھر بولی صوبہ سرحد میں ہم پر اپوزیشن کا ہارس ٹریڈنگ کا سراسر الزام ہے شیرپاؤ کو حکومت میں لانے کے لئے ہم نے ہرگز ہارس ٹریڈنگ نہیں کی۔ ملکی سیاست میں پائی جانے والی بے چینی کو ختم کرنے اور قومی اتفاق رائے پیدا کرنے کے لئے محترمہ بے نظیر بھٹو نے اپوزیشن کو بار بار مذاکرات کی دعوت دی ہے اسے باہمی مذاکرات اور آئینی اصلاحات تیار کر کے ہی ختم کیا جا سکتا ہے۔ مس ناہید خان نے اپنی بات کو مزید بڑھاتے ہوئے کہا مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ اپوزیشن اور ہمارے ناقدین اپنے اندر ذمہ دارانہ

احساس پیدا نہیں کر رہے جس کی ضرورت پاکستان کے عوام کو ہے اپوزیشن والے صرف اور صرف محترمہ بے نظیر بھٹو کی مخالفت میں ہر اچھے کام پر تنقید کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں

مس ناہید خان، جمعیت علماء السلام فضل الرحمان گروپ کے ایم این اے مولانا عبدالغفور حیدری کے علاقہ کے مسائل سنتے ہوئے



مس ناہید خان، گجرات پیپلز پارٹی کے صدر مشتاق حسین پگانوالہ، پیپلز پارٹی کے ایم این اے چوہدری اصغر کائرہ کے ساتھ عوامی مسائل پر بات چیت کرتے ہوئے

اپوزیشن والوں کو حکومت کی مخالفت برائے مخالفت چھوڑ کر قومی مسائل کو حل کرنے کی سعی میں حکومت کا ساتھ دینا چاہئے۔

ہماری قومی سیاست کو کیا لسانیت نے کمزور نہیں کر دیا؟ میرا سوال تھا۔

وزیراعظم کی سیاسی امور کی سیکرٹری نے کہا صدیق القادری صاحب یہ صحیح بات ہے کہ مذہب پرستی اور لسانیت کے رجحانات سے قومی سیاست کمزور ہو رہی ہے میرے خیال میں مذہبی، فرقہ پرستی، لسانیت اور عدم برداشت بے صبری، لالچ اور غیر جمہوری روایات کا علاج یہی ہے کہ پاکستان میں جمہوری قومی روایات عدم تشدد کو فروغ دیا جائے پیپلز پارٹی میں ہم نے اپنی جان ان اعلیٰ مقاصد کے لئے وقف کر دی ہے ہمارے سفر اور راستوں کا ریکارڈ یہ بتاتا ہے کہ عوام کے تعاون سے ہم بہت جلد اپنے بھائیوں اور بہنوں اور پوری قوم کو فرقہ پرستی، تفرقہ بازی اور لسانیت کے اندھیروں سے نکال لیں گے

ایک طرف بڑھتی مہنگائی سے عوام پریشان ہیں دوسری طرف تاجر ہڑتالیں کر رہے ہیں کیا یہ سب کچھ آپ کی حکومت کا کام بنانے کے لئے تو نہیں ہو رہا.....

میرے سوال اس پر گہری سوچ میں پڑتے ہوئے مس ناہید خان نے کہا سابقہ حکومت کی غلط پالیسیوں سے مہنگائی میں اضافہ ضرور ہوا ہے لیکن مہنگائی پر قابو پانے کے لئے محترمہ بے نظیر بھٹو نے فی الفور اقدامات کر کے یوٹیلٹی سٹورز کے ذریعے عوام کو ارزاں نرخوں پر اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنا دیا ہے۔ محترمہ کی خصوصی [illegible] کی بدولت پورے ملک میں بڑے پیمانے پر یوٹیلٹی سٹو[illegible] ع کر دیا ہے میرا خیال ہے ہماری حکومت نے [illegible] کے مہنگائی کی لہر پر قابو پالیا ہے۔ حالانکہ ہمارے [illegible] ذخیرہ اندوزی کے ذریعے ملک میں مصنوعی مہنگا [illegible] کی سازش کی تھی جہاں تک تاجروں کا عوامی حکومت کے [illegible] ف ہڑتالوں کا تعلق ہے تاجروں کو دراصل ضیاء الحق کے ایجنٹوں نے غلط راستوں سے کاروبار کرنے اور غلط طریقے سے سیاست کرنے پر مجبور کیا ہوا ہے یہی

وگ ملک میں ذخیرہ اندوزی کے ذریعے مصنوعی قلت پیدا کرکے قوم کو لوٹ رہے ہیں حکومت ایسے عوام دشمن عناصر کے عزائم سے آگاہ ہے ہماری حکومت قیمتوں پر کنٹرول کرکے مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کے خلاف سخت ترین ایکشن لے رہی ہے..........

اپوزیشن کا کہنا ہے کہ حکومت یک طرفہ احتساب کے ذریعے اسے بلڈوز کرنا چاہتی ہے.........؟

میرے اس سوال پر مس ناہید کہنے لگی اپوزیشن احتساب سے بچنے کے لئے شور مچا رہی ہے بدعنوان حکومت میں ہو یا اپوزیشن میں ہماری حکومت ہر حال میں احتساب کرے گی سخت لہجہ اختیار کرتے ہوئے مس ناہید نے کہا اپوزیشن ڈس انفارمیشن پھیلا کر احتسابی عمل کو روکنا چاہتی ہے میں واضح طور پر اپوزیشن کو بتانا چاہتی ہوں احتسابی عمل جاری رہے گا جس نے بھی ملک کو لوٹا ہے اس کا تعلق چاہئے اپوزیشن سے ہے یا حکومت سے ہے اسے لوٹا ہوا مال واپس قومی خزانے میں دینا ہوگا۔

کیا حکومتی پارٹی میں فارورڈ بلاک تو نہیں بن رہا؟

میرے اس سوال پر مس ناہید کے چہرے پر سنجیدگی اور اعتماد کے آثار نمایاں تھے کچھ دیر سوچنے کے بعد ناہید صاحبہ کا الٹا میرے سے سوال تھا صدیق القادری آپ کو یہ ڈس انفارمیشن کس نے دی ہے آپ کے خیر خواہوں نے میرا برجستہ جواب سن کر ناہید خان مسکراتے ہوئے مخاطب ہوئیں فارورڈ بلاک پیپلز پارٹی میں نہیں بلکہ اپوزیشن میں بن رہا ہے عنقریب آپ کو اپوزیشن میں ایک مضبوط فارورڈ بلاک کی خوشخبری ملے گی۔ اپوزیشن کے کئی اہم لیڈر نواز شریف کی غیر دانشمندانہ پالیسیوں سے تنگ آکر ہمارے ساتھ ملنا چاہتے ہیں........

کیا وفاقی کابینہ کی توسیع میں اتحادی تناظر کا حصہ ہے

اس سوال کا جواب آپ کو عنقریب مل جائے گا مس ناہید نے کہا۔

کیا آپ کی حکومت کو عدم اعتماد کی تحریک سے تو خطرہ نہیں؟

مس ناہید فوراً بولی نہیں ہرگز نہیں اپوزیشن میں اتنی سکت کہاں کہ وہ تحریک عدم اعتماد لا سکے اللہ تعالیٰ کی مدد اور عوام کے تعاون سے ہماری حکومت مشکل ترین دور سے نکل آئی ہے ملک میں سیاسی استحکام ہے جس کے نتیجے میں غیر ملکی سرمایہ کار بڑی تعداد میں پاکستان آ رہے ہیں پاکستان میں ہماری حکومت کو اعزاز حاصل ہوا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بہت بڑی تعداد میں سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں غیر ملکی سرمایہ کاری سے پاکستان کی عوام پر ترقی اور خوشحالی کے دروازے کھل جائیں گے دنیا کے بڑے بڑے سرمایہ کاروں کی پاکستان میں وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری اس بات کی علامت ہے ملک میں مکمل جمہوریت اور سیاسی استحکام ہے میری اپوزیشن سے اپیل ہے کہ وہ قومی اتحاد و اتفاق و استحکام ترقی و خوشحالی کے فروغ کے لئے ہماری حکومت کا ساتھ دیں تاکہ ہم پاکستان کو مثالی جمہوری فلاحی مملکت بنا سکیں۔

ممتاز ڈریس ڈیزائنر مہ جبیں کے بوتیک کا افتتاح

ابھرتی ہوئی اداکارہ اور معروف ماڈل گرل شگفتہ ناز کی بڑی بہن اور بین الاقوامی شہرت کی حامل ممتاز ڈریس ڈیزائنر مہ جبین کی خوبصورت بوتیک نمبس NIMBUS کہکشاں سینٹر طارق روڈ کراچی کا افتتاح وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر سید غوث علی شاہ نے کیا اس موقعہ پر صوبائی وزیر سید مراد علی شاہ، غلام قادر پلیجو، ٹی وی کے شہرت یافتہ پروڈیوسر آغا طارق علی شاہ، ممتاز صحافی صدیق القادری، اداکارہ رخسار سمیت شوبزنس اور ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات موجود تھیں اس موقعہ پر تقریر کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر برائے یوتھ سید غوث علیشاہ نے کہا حکومت خواتین کو باعزت روزگار کے پرکشش ذرائع اختیار کرنے میں ہر ممکن معاونت کرے گی ہماری حکومت کی پالیسی ہے۔ کہ فن و ثقافت سے متعلقہ تمام افراد اور اداروں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے۔

سید غوث علی شاہ نے کہا خواتین کا بزنس میں دلچسپی لینا خوش آئند اقدام ہے معروف ڈریس ڈیزائنر مہ جبین مبارکباد کی مستحق ہیں کہ انہوں نے خوبصورت بوتیک کے ذریعے اپنے فن اور صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے قابل تعریف کام کا آغاز کیا ہے ایسی باصلاحیت خواتین کے اس شعبہ میں آنے سے خواتین میں زیادہ دلچسپی پیدا ہوگی سید غوث علی شاہ نے بوتیک میں رکھے گئے ڈریسوں کو بین الاقوامی معیار کے مطابق جدید ترین قرار دیا۔

اس موقعہ پر ممتاز ڈریس ڈیزائنر مہ جبین نے کہا کہ وہ ڈریس ڈیزائنگ میں بیرون ملک سے ڈگری حاصل کر چکی ہیں ان کی خواہش ہے کہ وہ اپنے تجربہ کو بروئے کار لاتے ہوئے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی ثقافت کے فروغ کے لئے کام کریں انہوں نے کہا وہ مشرقی اور مغربی ڈیزائنگ اور دلہن کے ملبوسات جدید اور مشرقی انداز میں تیار کرنے کا وسیع تجربہ اور مہارت رکھتی ہیں اس سلسلہ میں وہ عنقریب بین الاقوامی ٹریڈ سنٹر دوبئی میں اپنی جدید دلکش ملبوسات کی نمائش کرے گی جس میں مشرقی اور مغربی طرز کے جدید پرکشش ڈیزائنوں کی ملبوسات کو رکھا جائے یہ ملبوسات نہ صرف پاکستانی انڈین خواتین بلکہ عرب خواتین کے علاوہ یورپین خواتین کی گہری دلچسپی اور پسندیدگی کا باعث بنیں گے۔ اس موقع پر ابھرتی ہوئی اداکارہ اور معروف ماڈل گرل شگفتہ ناز نے کہا کہ وہ خود بھی بوتیک کا وسیع تجربہ رکھتی ہیں تاہم بزنس میں ان کی مصروفیات کی بناء پر وہ اس طرف مکمل توجہ نہیں دے سکتی تاہم اس کی خواہش ہے کہ ملکی ثقافت کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے کے لئے وہ اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کرے اس لئے وہ اپنی بہن مہ جبین کے ساتھ مل کر مشرق وسطیٰ میں ملبوسات کی ڈریس شو کرے گی جس میں پاکستانی کلچر کو متعارف کرنے کے لئے بھرپور مہم چلائیں گی۔

مہ جبین کے بوتیک کے موقعہ پر نوجوانوں کے مشیر سید غوث علی شاہ، ممتاز ٹیلی ویژن پروڈیوسر آغا طارق علی شاہ، معروف صحافی صدیق القادری خوبرو اداکارہ و ماڈل شگفتہ ناز، مہ جبین اور نوشین کا گروپ

وزیر اعلیٰ سندھ
مشیر امور نوجوان

سید غوث علی شاہ

سے انٹرویو

عبداللہ شاہ سندھ میں

پاکستان کے بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں سید غوث علی شاہ



YOU NEED MAN POWER
SKILLED, SEMI SKILLED

مین پاور
کی ایکسپورٹ میں
اعتماد کا نام

NISAR AHMAD
PROPRIETOR

JAN EXPRESS

From :
GOVT. APPROVED OVERSEAS EMPLOYMENT PROMOTERS
LICENCE No. MPD/0835/ PWR
OFFICE : 11/3, FAKHAR - E - ALAM ROAD NEAR STATE BANK OF PAKISTAN PESHAWAR CANTT. PAKISTAN
OFF : 274020 - 272958, RES : 270165 Ext : 68 - 270175, FAX : 51 - 272958

FROM
PAKISTAN ALL OTHER
MANPOWER EXPORTERS

کیا آپ جانتے ہیں؟ پاکستان کی اعلیٰ تربیت یافتہ
محنتی لیبر دنیا کے بیشتر ممالک میں کام کر رہی ہے
پاکستان ہی دنیا بھر میں افرادی قوت بھیجنے والا اہم ملک ہے
پاکستان سے ہر قسم کی افرادی قوت کے لیے ہماری خدمات حاصل کیجیے

CH: BAHADAR KHAN

STAR INTERNATIONAL EMPLOYMENT
O.E.P. LIC NO. 0841/RWP
OFF: WHOLE SALE MARKET, BLOCK A, 2ND FLOOR, MARKAZ G/7, ISLAMABAD PAKISTAN
TEL: 213490-215841-216511-216512 FAX: 9251-826468
TELEX: 5811 CSCIB PAK.



سید غوث علی شاہ ایک تقریب میں ایوارڈ دے رہے ہیں

سندھ حکومت نوجوانوں کے مسائل کو اولیت دے رہی ہے

قارئین آیئے اب ہم باقاعدہ سوال جواب کا سلسلہ شروع کرتے ہیں۔

یوتھ انٹرنیشنل: سید غوث علی شاہ صاحب اپنے خاندانی پس منظر کے حوالے سے اپنی شخصیت کے بارے میں ہمارے قارئین کو بتائیں؟

غوث علی شاہ: میں قائد عوام کے آبائی حلقہ ڈسٹرکٹ لاڑکانہ تحصیل قمبر گاؤں سید گوھر شاہ میں یکم مارچ 1958ء کو ایک دیندار معزز سید خاندان میں پیدا ہوا انٹر تک تعلیم ڈگری کالج لاڑکانہ سے حاصل کی دوران تعلیم لاڑکانہ ہائی سکول میں جئے سندھ اسٹوڈنٹس فیڈریشن کا صدر منتخب ہوا پھر لاڑکانہ ڈسٹرکٹ کا جنرل سیکرٹری اور پھر صدر رہا اس کے بعد سندھ یونیورسٹی جامشورو میں داخلہ لیا 5 دسمبر 1978ء کو بعض فوجیوں کی شرین سومرو کے ساتھ اجتماعی زیادتی کے خلاف طلبہ کے شدید ردعمل اور اجتماعی جلوسوں کی قیادت کے جرم میں گرفتار ہوا دو سال سے زائد مارشل لاء کورٹ کی سزا کاٹنے اور 1980ء میں جیل سے رہائی کے بعد جی ایم سید کی جئے سندھ اسٹوڈنٹس آرگنائزنگ کمیٹی بنائی جس کا بنیادی مقصد لسانی اور علاقائی سیاست کی بجائے قومی اور اجتماعی سیاست کا آغاز تھا ہم نے سخت محنت کے ذریعے جئے سندھ اسٹوڈنٹس آرگنائزنگ کمیٹی کو پورے سندھ میں منظم کیا مختصری عرصے میں ہزاروں طلبہ میری قیادت میں متحد ہو گئے 1981ء میں ایم آر ڈی کی تشکیل دی گئی تو میں نے جمہوریت پسند طلبہ تنظیموں کے اشتراک سے سندھ پیپلز ڈیموکریٹک اسٹوڈنٹس الائنس قائم کیا مجھے اس الائنس کا پہلا جنرل سیکرٹری منتخب ہونے کا اعزاز حاصل ہوا بحالی جمہوریت کی تحریک میں میرے ہزاروں طلبہ ساتھی ہراول دستہ رہے۔

مجھ پر کئی مقدمات قائم ہوئے سمری ملٹری کورٹ نے ایک سال قید با مشقت اور پندرہ کوڑوں کی سزا دی اور 35 ہزار روپیہ جرمانہ کیا فیڈریشن سندھ پیپلز اسٹوڈنٹس (سپاف) میں شمولیت اختیار کی۔ 1987ء میں میری خدمات کو دیکھتے ہوئے مجھے لاڑکانہ سکھر ڈویژن سپاف کا صدر بنایا گیا۔ 1989ء میں سپاف کی صدارت کا الیکشن لڑا صرف دو ووٹوں سے رہ گیا پھر 1990ء لاء کالج لاڑکانہ میں ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد میں نے عملی سیاست کا آغاز کیا 90ء کے الیکشن میں دھاندلی کے خلاف محترمہ بے نظیر بھٹو کی قیادت میں سخت احتجاجی جلسے جلوسوں، ہڑتالوں اور لانگ مارچ میں متحرک رہا 93ء کے الیکشن میں بھرپور انتخابی مہم چلائی۔ 93ء کے الیکشن میں بے مثال کامیابی کے ساتھ جب محترمہ بے نظیر بھٹو نے اقتدار سنبھالا تو ان کی تجربہ کار مدبرانہ نگاہوں نے سندھ کے نوجوانوں کے مشیر کا قلمدان میرے سپرد کیا سندھ حکومت کے نوجوانوں کے مشیر کی حیثیت سے فروری 94ء سے فرائض سرانجام دے رہا ہوں۔

یوتھ انٹرنیشنل: آپ نے نوجوانوں کو درپیش مسائل و مشکلات کا حل کرانے کے لئے کیا اقدامات کئے ہیں؟

غوث علی شاہ: سید عبداللہ شاہ بنفس نفیس نوجوانوں کے امور میں براہ راست گہری دلچسپی لے رہے ہیں ہر ممکن ذرائع سے نوجوانوں کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ٹھوس اقدامات کر رہے ہیں ہمارے صوبے میں نوجوانوں کا سب سے بڑا مسئلہ بے روزگاری ہے اس مسئلے کے حل کرنے کے لئے سندھ حکومت 25 ہزار نوجوانوں کو سرکاری نوکریاں فراہم کرے گی میٹرک پاس نوجوانوں کو کاروبار کے لئے میں نے بحیثیت مشیر 5 ہزار سے زائد نوجوانوں کو قرضے دلوائے ہیں میرے دفتر کے دروازے سب پاکستانیوں کے لئے کھلے ہیں۔ جو بھی نوجوان کام لے کر آتا ہے میں بلا نسب و نسل اور تعصب کے ان کا کام کرکے دلی خوشی محسوس کرتا ہوں یہ کریڈٹ بھی سید عبداللہ شاہ کی حکومت کو جاتا ہے جن کی خصوصی دلچسپی اور صوبائی انتظامیہ کو دی گئیں ہدایات کے مطابق سندھ حکومت اور انتظامیہ میرے احکامات کو اہمیت دے رہی ہے نوجوانوں کے مسائل حل ہو رہے ہیں نوجوانوں کے کام ہو رہے ہیں نوجوانوں میں مایوسی بے چینی آہستہ آہستہ ختم ہو رہی ہے صوبے میں نوجوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی ہو رہی ہے۔

یوتھ انٹرنیشنل: کراچی میں دہشت گردی، خوف و ہراس کی فضا میں کیا آپ کے لئے رابطہ عوام دشوار نہیں ہے؟

غوث علی شاہ: میں بحیثیت مشیر کراچی کی آبادی کی تمام علاقوں کے لوگوں سے رابطہ رکھتا ہوں کراچی میں گڑبڑ کے باوجود اورنگی ٹاؤن، عزیز آباد، [illegible]، لیاقت آباد، [illegible] ہر جگہ پہنچتا ہوں کراچی کے بہادر عوام کے بارے میں میری پختہ رائے ہے کراچی کے لوگ بہت اچھے ہیں چونکہ میں تعصب اور مفاد پرستی یا بیداگیری کی سیاست نہیں کرتا ہوں اس لئے کراچی کے ہر طبقہ کے لوگ مجھے عزت دیتے ہیں باوجود کہ میں کراچی کا رہائشی نہیں ہوں کراچی کے شہریوں کے بے مثال خلوص و محبت دیکھتے ہوئے میں اپنے آپکو کراچی ہی کا شہری تصور کرتا ہوں میری کوشش اور دلی خواہش ہے کہ کراچی کی گہماگہمی واپس آجائے کراچی امن و سکون کا گہوارہ بن جائے۔

یوتھ انٹرنیشنل: سندھ میں جرائم دہشت گردی، قتل و غارت گری ڈکیتیوں کے پیچھے کیا اصل مسئلہ بے روزگاری نہیں ہے سندھ میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری پر آپ حکومت کیسے قابو پائے گی؟

غوث علی شاہ: سندھ میں بے روزگاری کا مسئلہ ہمارے لئے ایک بہت بڑا چیلنج ہے سندھ میں بدامنی اور جرائم کا سبب بھی بے روزگاری ہے شہید بھٹو کے زمانہ میں بے روزگاری کو ختم کرنے کے لئے کئی ٹھوس اقدامات ہوئے تھے ان اقدامات سے نوجوانوں کے لئے روزگار کے لئے بے شمار مواقع پیدا ہوئے پھر مارشل لاء لگنے کی وجہ سے صوبہ میں ہمارے نوجوان مسلسل بے روزگار ہوتے گئے بھٹو صاحب کے زمانہ میں جن نوجوانوں کو روزگار ملا تھا مارشل لاء میں ان کو نکال دیا گیا گیارہ سال کے بعد جب محترمہ بے نظیر بھٹو اقتدار میں آئیں تو انہوں نے جرات مندانہ فیصلہ کرکے مارشل لاء دور میں نکالے گئے لاکھوں لوگوں کو بحال کیا پھر 18 ماہ کے دوران حکومت محترمہ نے ایک لاکھ پچیس ہزار لوگوں کو روزگار فراہم کیا پھر محترمہ کی حکومت جانے کے بعد بہت سارے لوگوں کو نکال دیا گیا اب ہماری قائد محترمہ بے نظیر بھٹو نے وزارت اعظمیٰ کا قلمدان سنبھالتے ہی روزگار کی فراہمی کے مسئلے پر خصوصی توجہ دی ہے محترمہ کی منتخب حکومت بننے اور وزارت اعظمیٰ پر مبارک قدموں کی بدولت سندھ میں کوئلے کے بہت زیادہ ذخائر ملے ہیں سندھ میں کوئلے کے وسیع ذخائر نکلنے سے سندھ میں ترقی اور خوشحالی آئے گی لاکھوں لوگوں کو روزگار کے مواقع ملیں گے ہمارے لوگ باہر کے ملکوں سعودیہ اور دوبئی میں کام کے لئے جانے کی بجائے یہاں کام کریں گے جس طرح عربوں کے پاس تیل کے ذخائر ہیں اسی طرح ہمارے پاس کوئلے کے ذخائر ہیں اس سے ایک طرف انرجی کا مسئلہ حل ہو گا دوسری طرف لاکھوں لوگوں کو روزگار فراہم ہو گا جب ہمارے بے روزگار نوجوانوں کو باعزت روزگار ملے گا تو صوبے میں بے روزگاری ختم ہو گی جس سے جرائم بھی ختم ہو جائیں گے دنیا بھر کے لوگ روزگار کے لئے ہمارے پاس آئیں گے۔

یوتھ انٹرنیشنل: ایم آر ڈی والے آپ کی حکومت پر مزدور دشمنی کا الزام لگا رہے ہیں اس الزام میں کہاں تک صداقت ہے؟

غوث علی شاہ: صدیق انقلابی صاحب [illegible] اپوزیشن کا ہماری حکومت پر مزدور دشمنی کا سراسر غلط الزام ہے اس میں کوئی صداقت نہیں اس کی مثال [illegible] شوگر ملز کی پچیس سو 2500 مزدوروں کی بے روزگاری کے دنوں کا سابقہ حکومت کی بکاری کے ڈرامہ سے ٹھٹھہ شوگر ملز سے 25 سو مزدوروں کو نکال دیا گیا تھا وزیر اعلیٰ سندھ سید عبداللہ شاہ کی جرات مندانہ سرپرستی موقف اور میری انتھک ذاتی کوششوں سے ٹھٹھہ شوگر ملز کے 22 سو خاندان بحال ہوئے ان کو ملازمتیں فراہم کی گئیں حالانکہ بعض سرمایہ داروں نے مجھے کروڑ روپے کی آفر کی تھی لیکن میں نے مزدور دوستی کا بھرپور ثبوت دیتے ہوئے بھرپور اسٹینڈ لے کر وزیر اعلیٰ صاحب کو ٹھٹھہ شوگر مل کو چلانے کا مشورہ دیا سی ایم صاحب نے میرے دلیرانہ مشورے کو مانتے

وزیر اعلیٰ کے مشیر معروف اداکارہ رخسار کو ایوارڈ دیتے ہوئے

سید غوث علی شاہ لوگوں میں اشیاء تقسیم کرتے ہوئے



ہوئے ٹھٹھہ شوگر ملز کا افتتاح کیا یہ ہماری سندھ حکومت کا جرات مندانہ کارنامہ ہے۔

یوتھ انٹرنیشنل: کراچی میں حکومت نام کی کوئی چیز نظر نہیں آتی ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے یہاں دہشت گردوں، ڈاکوؤں، پیشہ ور قاتلوں کو کوئی پوچھنے والا نہیں شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں آپکے خیال میں کراچی کے حالات بگاڑنے میں کونسی قوتیں حائل ہیں۔

غوث علی شاہ: میں سمجھتا ہوں سید عبداللہ شاہ سندھ خصوصاً کراچی میں پاکستان کے وجود اور بقاء کی جنگ لڑ رہے ہیں سندھ اور کراچی کی یہ صورتحال ہمیں ضیاء الحق اور نواز شریف دور کی بطور تحفہ ملی ہے ضیاء دور میں یہاں کلاشنکوف اور ہیروئن عام ہوئیں کرفیو اور لسانی فسادات ہوتے رہے ان ادوار کے مقابلے میں آج سندھ کراچی کے حالات بغیر فوج کی مدد اور ایم کیو ایم کو حکومت میں شامل کئے بغیر بہتر ہیں سندھ میں پیپلز پارٹی کی حکومت کامیابی سے چل رہی ہے سید عبداللہ شاہ سندھ کا پہلا وزیر اعلیٰ ہے جو 18 ماہ کے عرصے سے کرفیو کے بغیر حکومت چلا رہا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اخبارات میں صرف پہلے سے زیادہ شور شرابا ہے یہ عوامی حکومت ہے اور عوامی رائے اور آواز کا احترام کرتی ہے حقیقت یہ ہے انڈین ایجنٹ یہاں



کے چند ضمیر فروشوں کے ساتھ مل کر مسجدوں، امام باڑوں اور دیگر مقدس مقامات پر فائرنگ کر کے فرقہ وارانہ فسادات کرانے کے لئے خطرناک سازش کر رہے ہیں انشاءاللہ عوام کے تعاون سے ہم اس خطرناک سازش کو ناکام بنا دیں گے چند مٹھی بھر لوگوں کو کراچی کے پر امن شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دیں گے ہماری حکومت سنگین جرائم میں ملوث ملزموں کی ضمانتیں باآسانی ہونے کی روش کو کنٹرول کرے گی قتل و غارت ڈکیتی کے کیسوں میں ملوث لوگوں کی ضمانت پر رہائی نہیں ہونے دے گی۔ جرائم میں ملوث لوگوں کے کیسوں کو فوری سماعت کی عدالتوں سے فی الفور فیصلوں کے رجحانات کی حوصلہ افزائی کرے گی اور ہماری حکومت غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف سخت ایکشن لے گی ان مقاصد کے حصول کے لئے ہمیں شہریوں کے تعاون کی ضرورت ہے عوامی حکومت عوام کی جان و مال کا مکمل تحفظ فراہم کرے گی۔

ایدھی بھی ایجنسیوں کے ایجنٹ نکلے

ایم آئی ساجد

9 دسمبر 1994ء کے اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی کہ عبدالستار ایدھی حالات سے مایوس ہو کر پاکستان چھوڑ گئے ہیں ایدھی جو ایک باوسائل شخص ہیں جب انہوں نے پاکستان چھوڑا تو بے وسائل افراد پہلے سے زیادہ مایوس ہو گئے ایدھی نے لندن پہنچنے پر بی بی سی سے جو گفتگو کی وہ بے ربط ہے اور ایدھی کے کنفیوژ ہونے کی دلیل ہے ایدھی نے کہا کہ وقت کے تقاضے کو دیکھتے ہوئے میں یہاں آکر بیٹھ گیا آپ کو کیسے پتہ چلا ہے آپ لوگوں نے انٹرویو لے لی ورنہ مجھے خاموش بیٹھنا تھا اور میں خاموش رہوں گا ایدھی نے مزید کہا کہ مجھے ٹینشن نہیں بننا مجھے کوئی انقلاب نہیں لانا حالانکہ میں اگر چاہوں تو ابھی قوم کو اپیل کر دوں کہ نکلو آؤ اس ملک کو توڑنے کی ایک سازش ہو رہی ہے۔ ملک تباہ ہو رہا ہے میں نہیں کہوں گا۔ میں نے اپنے بچے کو بھی نہیں بتایا۔ میں نے بیوی کو بھی نہیں بتایا میں نے کہا کہ میرا دل اندر سے جل رہا ہے۔ میں نکل جاؤں گا۔ ایدھی نے جان کے خطرے سے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا مجھے کوئی لالچ نہیں ہے میں زندہ رہ سکتا ہوں زندہ رہ رہا ہوں۔ جب میری ضرورت نہیں ہوگی تو میرے پاس پستول بھی ہے کہیں سے لے لوں گا میں خود کو مار دوں گا میں کسی کے ہاتھ سے مرنا نہیں چاہتا کسی کے اوپر تہمت رکھنا نہیں چاہتا۔ کسی کی سازش میں پھنسنا نہیں چاہتا۔ بس اللہ کے بھروسے پر جینا ہے۔ کراچی کی صورتحال کے بارے میں انہوں نے کہا "بہت ہو چکا ہے اقتدار کے لئے اللہ کے واسطے فساد نہ پھیلایئے مجھے کسی پارٹی سے واسطہ نہیں۔ مجھے کسی سے دلچسپی نہیں نہ بے نظیر سے نہ نواز شریف سے اور نہ کسی دوسری پارٹی سے میں اللہ کو حاضر ناظر سمجھتے ہوئے یہ بتا رہا ہوں کہ آپ ملک کو تباہی کی طرف لے جا رہے ہیں اللہ کے واسطے ملک کو فساد سے بچایئے انہوں نے کہا "ہمارے ملک میں تین لوگ حکومت کر رہے ہیں ایک تو موجودہ حکومت ایک اپوزیشن ہوتی ہے اور ایک ایجنسیاں ہوتی ہیں۔ یہ تینوں حکومت کر رہی ہیں کس کا کیا کردار ہے کس کی کیا نیت ہے یہ تو اخبار بتا رہے ہیں کراچی کا ماحول بتا رہا ہے کراچی کا وقت بتا رہا ہے کہ کون صحیح ہے [illegible] دوست نے مجھ سے پوچھا کہ ایدھی صاحب آپ [illegible] کی زندگی سلامت رہے گی۔ مجھے مار [illegible] نے مار دیا ہے یا فرقہ [illegible] بڑے بڑے لوگ [illegible] ہمارے [illegible] گے [illegible] نہیں بتانا چاہتا [illegible] کی کہوں گا کہ پاکستان [illegible] انسانیت کو خونریزی سے بچانے کا [illegible] کھیلیں صاف رہیں آپ کو بتلانا ہے ملک [illegible] ٹوٹ رہا ہے آپ حکومت ایک اوور کر لیں کسی کی [illegible] مت سمجھیں اللہ کے بھروسے پر نہیں تو پھر ٹھیکے پر کسی کو دے دو کسی پاکستانی کو ہم تو غلام ہی رہے اور غلام ہیں۔ یہ انقلاب کا طریقہ نہیں ہے۔ میں بات وقت پر کروں گا جب موقع آئے گا تو وقت کے ساتھ میں بتاؤں گا کہ اس ملک کو توڑنے میں کس کا ہاتھ ہے کیوں تھا میں کھلم کھلا کہوں گا کسی بات سے نہیں ڈروں گا۔

عبدالستار ایدھی نے بی بی سی کو دیئے گئے انٹرویو میں کہا تھا کہ وہ خاموش رہیں گے لیکن اس بیان کے دو دن بعد یعنی 11 دسمبر 94ء کے روزنامہ پاکستان میں شہ سرخیوں کے [illegible] عبدالستار ایدھی کا یہ بیان شائع ہوا کہ عمران خان میرے [illegible] آئے تھے اور کہا تھا کہ حکمران ملک تباہ کر رہے ہیں ہمیں [illegible] گروپ بنانا چاہئے ایدھی نے مزید کہا کہ ایجنسیوں کا کھیل [illegible] ہوگا حکومت کو مدت پوری کرنے دیجئے ایدھی کے اس بیان [illegible] بی بی سی کو دیئے گئے انٹرویو کی طرح گول مول باتیں نہیں [illegible] انہوں نے کھل کر ایجنسیوں کی کاروائیوں کا انکشاف کیا [illegible] اخبار میں شائع ہونے والا بیان طاہر نصیر کے حوالے سے [illegible] ہوا تھا جس کی تفصیل کچھ یوں ہے عالمی شہرت یافتہ سماجی [illegible] مولانا عبدالستار ایدھی نے کہا ہے کہ جب انہیں یقین ہو گیا کہ [illegible] تین روز بعد انہیں قتل کر دیا جائے گا تو خاموشی سے ملک چھوڑ [illegible] کر لندن آگئے انہوں نے کہا کہ جب اس بات کی تصدیق ہو [illegible] کہ انہیں قتل کر کے قتل کا الزام ایم کیو ایم یا فرقہ پر [illegible] جماعتوں یا میرے کارکنوں پر ڈال کر ایدھی فاؤنڈیشن کو تباہ کر [illegible] جائے گا تو میرے لئے اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تھا کہ [illegible] خاموشی سے ملک چھوڑ دوں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک [illegible] تین قوتیں ہیں۔ حکومت اپوزیشن اور ایجنسیاں اور اس وقت [illegible] ملک کو ایجنسیاں چلا رہی ہیں۔ وہ نہیں چاہتیں کہ اس ملک [illegible] فلاحی نظام قائم ہو۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ انہیں اپنی جان [illegible] خطرہ کس سے تھا تو انہوں نے کہا کہ میں فی الحال اس بارے [illegible] کچھ نہیں بتاؤں گا لیکن بہت جلد ان سب باتوں کو بے نقاب [illegible] کروں گا اور وہ دن کل بھی ہو سکتا ہے اور ایک ماہ بعد بھی [illegible] اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اب مجھے اپنی جان [illegible] کا کوئی خطرہ نہیں کیونکہ میں نے اپنے ممکنہ قتل کے بارے [illegible] قوم کو بتا دیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اب میری جان کو [illegible] خطرہ ٹل گیا ہے۔ کم سے کم یہ ضرور ہو گیا ہے کہ اگر مجھے [illegible] ماری جاتی ہے تو بے گناہوں کے کو میرے نام پر قتل نہیں [illegible] جائے گا بلکہ میری قوم کو قاتلوں کا علم ہو گا۔ ایک سوال [illegible] جواب میں انہوں نے کہا کہ سارا فساد اس وقت شروع ہوا [illegible] آٹھ نو ماہ قبل میں لندن آیا اور کرکٹر عمران خان نے مجھ [illegible] ملاقات کی اور کہا کہ حکمران ملک کو تباہ کر رہے ہیں اس [illegible] ہمیں حکومت کو ہٹانے کے لئے پریشر گروپ بنانا چاہئے اور [illegible] ہمارا ساتھ دیں میں نے ان کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا [illegible] کہ میرا کام سیاست نہیں ہے اور نہ ہی میں کسی پریشر گروپ [illegible] یقین رکھتا ہوں۔

ایجنسیاں ملک کو تباہی کی طرف لے جارہی ہیں

ہائے مہنگائی
غریب کہاں جائیں

سید شہزاد ہاشمی

آج کا دور صنعت کاروں اور تاجروں کے لئے کھلی چھٹی کا دور ہے وہ جب چاہتے ہیں قیمتیں بڑھا دیتے ہیں اعلان ہوتا ہے کہ دودھ میں ملاوٹ نہ ہو دودھ فروش کہتے ہیں کہ دودھ خالص بیچنا ہے تو قیمت بڑھانی پڑے گی اور یوں دودھ اور دہی کی قیمتیں بڑھا دی جاتی ہیں ملاوٹ اپنی جگہ قائم رہتی ہے یہ اعلان یہ حادثہ نواز شریف کے دور میں ہوا تھا اس نے ملاوٹ کے خاتمے کا اعلان کر کے اشیائے ضرورت کے ناخداؤں کو یہ اختیار دے دیا کہ چیزیں خالص بیچنے کا بہانہ کر کے اپنی مرضی کی قیمتیں بڑھاؤ اور قیمتیں بڑھ گئیں نواز شریف خود صنعت کار تھے انہوں نے تاجروں اور صنعت کاروں کو قیمتیں بڑھانے کی کھلی چھٹی دیدی پرائیویٹائزیشن نے گراں فروشوں کے بندھے ہوئے ہاتھ کھول دیئے اور اب یہ عالم ہے کہ مہنگائی نے عوام کی چیخیں نکال دی ہیں چیخیں حکومت نہیں سن رہی اور جب یہ چیخیں حکام تک پہنچائی جاتی ہیں تو ان کا کیا رد عمل ہوتا ہے۔ جب پنجاب کے ایک گورنر سے آٹے کی مہنگائی کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ فلور ملوں والے ہڑتالیں مفاد پرستی کی وجہ سے کر رہے ہیں۔ ان کی سوچ بن چکی ہے کہ ہم ہڑتالوں سے من مانی کر سکیں گے دراصل یہ ساری خرابی سابق حکومت کی پرائیویٹائزیشن کی لعنت ہے اس نے یوٹیلٹی کی چیزیں چہیتوں کو دے دیں اور مارکیٹ پر ہر قسم کا کنٹرول ختم ہو دیا ان کو کھلا چھوڑ دیا کہ وہ جو مرضی کریں اپنی پسند کی قیمتیں مقرر کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ چھوٹ ذمہ دار لوگوں کو دی جا سکتی ہے لیکن من مانی کرنے والوں کو نہیں اس میں مداخلت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے کارخانہ دار کو اجازت دی گئی کہ وہ خود قیمت مقرر کرے لیکن تجربہ ثابت کر رہا ہے کہ مداخلت کی ضرورت ہے۔ آٹا مہنگا ہونے کے بارے میں انہوں نے کہا کہ اگر فلور ملوں کا یہ سلسلہ جاری رہا تو روایتی طریقہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے جو سب کو پسند آئے گا۔ اس کے علاوہ آٹا باہر سے بھی منگوایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملوں کو دوبارہ حکومت کی تحویل میں بھی لیا جا سکتا ہے پھر صنعت کار کہیں گے کہ [illegible] جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ فری اکانومی مارکیٹ حکومت کے غیر ذمہ دارانہ رویہ کی وجہ سے کامیاب نہ ہو سکی۔ حکومت اگر اپنی یہ ذمہ داری محسوس نہ کرے تو ٹھیک نہیں ہے۔ انہوں نے مہنگائی پر کنٹرول کے بارے میں کہا کہ اس کے دو طریقے ہیں یا تو ہم امپورٹ زیادہ کر دیں یا پھر حکومت اپنے طریقے آزمائے۔ انہوں نے کہا کہ قیمتوں پر کنٹرول صنعت کاروں کی مرضی پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ گھی کی ڈیوٹی ختم کر دی گئی مگر پھر بھی قیمت کم نہ ہوئی حالانکہ جو گھی کی ملیں حکومت کے پاس ہیں وہ گھی سستا مہیا کر رہی ہیں جبکہ باقی ملیں کئی گنا زیادہ مہنگا دے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا سابقہ حکومت اگر سیمنٹ اور گھی ملوں کو پہلے پرائیویٹائز نہ کرتی تو پھر قیمتوں کو کنٹرول کیا جا سکتا تھا۔ اگر ان کو پرائیویٹائز کرنا ہی تھا تو اتنی جلدی نہیں کرنی چاہیے تھی۔

عوامی حکومت کے گورنر صاحب کا یہ کہنا کہ ملوں کو دوبارہ حکومت کی تحویل میں بھی لیا جا سکتا ہے ایک نئے حکومتی رجحان کی عکاسی ہے لہٰذا مہنگائی پھیلانے والے مادر پدر آزاد افراد کو یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ اگر نیپال میں کمیونسٹ حکومت قائم ہو سکتی ہے تو پاکستان میں دوبارہ نیشنلائزیشن کا دور بھی آسکتا ہے اور ممکن ہے کہ ایسا دور کوئی امام خمینی، صدام حسین اور معمر قذافی لے آئے کیونکہ اب عوام کسی امام خمینی، صدام حسین اور معمر قذافی کے منتظر ہیں۔

قارئین کے پیغام
پسندیدہ شخصیات کے نام

نوٹ :- آپ کہیں بھی رہتے ہوں یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے اس کالم میں پسندیدہ شخصیات کے نام شائع کر سکتے ہیں

عمران خان کے نام

آپ میرے پسندیدہ کھلاڑی ہیں آپ کی قیادت میں پاکستان نے کرکٹ کے میدان میں جو کامیابیاں حاصل کی ہیں وہ بے نظیر ہیں اللہ کرے کہ اپ شوکت خانم کینسر ہاسپٹل کی تکمیل کر کے پاکستان کا نام روشن کریں

امجد علی سیلمی۔ گوجرانوالہ

نواز شریف کے نام

ملک و قوم کے لئے آپ کی خدمات روز روشن کی طرح عیاں رہیں گی مضبوط اور خوشحال پاکستان کے لئے آپ کی اقتصادی اصلاحات کو پاکستانی قوم کبھی نہیں بھولے گی۔ انشاء اللہ آپ دوبارہ وزارت اعظمیٰ کی کرسی پر بہت جلد آئیں گے بلاشبہ آپ میرے فیورٹ لیڈر ہیں۔

مس صبا۔ لاہور

محترمہ .بینظیر بھٹو کے نام

وزیر اعظم پاکستان کا باوقار عہدہ سنبھالنے پر مبارک باد قبول فرمائیں آپ میری محبوب ترین شخصیت ہیں ہمارے ووٹ اور ہمدردیاں ہمیشہ آپ کے ساتھ رہیں گی۔

آنسہ فرحت خان
قائد اعظم یونیورسٹی اسلام آباد

پاکستان، یو اے ای کے نجی شعبہ کی سرمایہ کاری کی مثالی ادائے

نجم الحسن سے انٹرویو

ایگری آٹو انڈسٹریز لمیٹڈ کراچی
پراجیکٹ کے منیجنگ ڈائریکٹر

پاکستان سرمایہ کاری کے لیے انتہائی موزوں پرکشش ملک ہے

متحدہ عرب امارات دوبئی کے بین الاقوامی شہرت یافتہ تاجر اور صنعت کار جناب ماجد العظیم چیئرمین العظیم گروپ آف دوبئی کو پاکستان میں وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری کرنے کا اعزاز حاصل ہے جناب ماجد العظیم کی شخصیت پاکستان کے تجارتی صنعتی حلقوں میں کسی تعارف کی محتاج نہیں.....

ماجد العظیم کا شمار پاکستان کے قابل اعتماد دوستوں اور خیر خواہوں میں ہوتا ہے ماجد العظیم کی پاکستان اور پاکستانیوں کے ساتھ جذباتی وابستگی ہے جس کی بناء پر ماجد العظیم کا ادارہ العظیم گروپ آف دوبئی بلاشبہ پاک امارات تجارتی تعلقات کے عملی



ایگری آٹو انڈسٹری کی تیار کردہ خوبصورت موٹر سائیکل کے ماڈلز



فروغ میں گرانقدر قابل تعریف خدمات سرانجام دے رہا ہے ماجد الفلیم کو پاکستان میں ایک عظیم دوست کی حیثیت سے نہایت عزت و احترام، قدر و محبت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

الفلیم گروپ آف دوبئی نے پاکستان میں ٹرک اور بسیں بنانے کے سب سے بڑے ادارے ہینو پاک PAK HINO کراچی ٹریکٹر بنانے کے معروف ادارے الغازی ٹریکٹرز (ڈیرہ غازی خان) اور ایگری آٹو انڈسٹریز لمیٹڈ کراچی میں وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری کی ہے جہاں آٹوز پرزہ جات ایئر کنڈیشنز، ریفریجریٹرز، سپیئر پارٹس اور دیگر اشیاء تیار کی جاتی ہیں یہ مصنوعات پاکستان کے علاوہ پورے گلف میں فروخت کی جاتی ہیں۔ قارئین آج ہم آپ کو ایگری آٹو انڈسٹریز لمیٹڈ میں لئے چلتے ہیں یہ ادارہ پاکستان اور یو اے ای کے نجی شعبے پبلک لمیٹڈ کا

مشترکہ پراجیکٹ ہے اس ادارے کو 1981ء میں الفلیم گروپ آف انڈسٹریز دوبئی اور حبیب گروپ آف کراچی کی مشترکہ سرمایہ کاری سے چلایا جا رہا ہے ادارے کے چیئرمین شیخ الفلیم گروپ آف انڈسٹریز دوبئی کے ہیں ایگری آٹو انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ کے مینجنگ ڈائریکٹر جناب نجم الحسن تجربہ کار، باصلاحیت، جہاندیدہ شخصیت کے مالک ہیں گذشتہ بارہ سال سے بحیثیت مینجنگ ڈائریکٹر اپنے فرائض لگن اور ذمہ داری سے ادا کر رہے ہیں ایم بی اے اور بیچلر آف انجینئرنگ ہیں آٹو موبائل کی انڈسٹریز میں وسیع تجربہ کے حامل شخصیت ہیں۔

انجینئر نجم الحسن نے ایک تفصیلی بات چیت میں ایگری آٹو انڈسٹریز کے مختلف شعبوں کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ یہاں آٹو موبائل کی انڈسٹریز کے اہم ترین پرزہ جات بنائے جاتے ہیں سوزوکی، لیٹ، سی، ہینو پاک، کی سپیئر پارٹس ڈیمانڈ پر تیار ہوتے ہیں علاوہ سپیئر پارٹس مارکیٹ میں بھی بذریعہ ڈیلر فروخت ہوتے ہیں دیگر ممالک بنگلہ دیش، سری لنکا، ایران، تھائی لینڈ، اور پورے گلف میں ایکسپورٹ کئے جاتے ہیں ایگری آٹو کے مینجنگ ڈائریکٹر نے مزید بتایا کہ ان کے ادارہ نے آٹو موبائل کی بہت چھوٹی سستی موٹر سائیکل کی تیاری کے لئے یورپین ٹیکنالوجی کا جدید ترین پلانٹ لگایا ہے پاکستان کے عوام کی ضرورت سہولت اور پسند کو مدنظر رکھتے ہوئے جدید دلکش رنگوں میں تین ماڈل تیار کئے گئے ہیں جس کے آٹومیٹک گیر ہیں پٹرول کی بہت بچت ہے دیگر موٹر سائیکلز کے مقابلے میں ان کی قیمتیں انتہائی مناسب ہیں۔

غیر ملکیوں کے پاکستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے انجینئر نجم الحسن نے بتایا پاکستان میں سرمایہ کاری کا ماحول پیدا کرنے کے لئے گورنمنٹ پاکستان کو پرکشش پلان کے تحت خصوصی اقدامات کرنے چاہیں قومی مفاد میں غیر ممالک میں سرمایہ کاری کی کانفرنس منعقد کرنے کی بجائے اگر حکومت ملک کے اندر امن و امان کے ماحول کو بہتر بنائے سرمایہ کاروں کو جرائم پیشہ لوگوں سے مکمل تحفظ فراہم کرے انڈسٹریل اسٹیٹ قائم کرکے وہاں سڑکیں، سیوریجز، پانی، بجلی، گیس، ٹیلی فون، سیکورٹی سسٹم کی جدید سہولتیں فراہم کرے تو غیر ملکی خود بخود پاکستان میں سرمایہ کاری کے لئے راغب ہوں گے ملائیشیا، انڈونیشیا، تھائی لینڈ، تائیوان، ہانگ کانگ، سنگاپور، نے جس تیز رفتاری سے ترقی کی ہے وہاں کے پرامن استحکام بخش حالات انویسٹمنٹ کے لئے بہتر ثابت ہوئے ہیں جبکہ ان ممالک کی نسبت پاکستان جغرافیائی لحاظ سے بین الاقوامی سرمایہ کاری کے لئے انتہائی موزوں اور گیٹ وے ہے مسٹر نجم الحسن نے مزید کہا کہ پاکستان میں ٹھوس بنیادوں پر پائیدار حقیقت پسندانہ پلاننگ کے ذریعے صنعتی و معاشی انقلاب برپا کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ پاکستان سرمایہ کاری کے لحاظ سے انتہائی پرکشش ملک ہے۔

ایگری آٹو انڈسٹریز کے تیار کردہ پرزہ جات

مشہور و معروف بینکار

محمد خلیل بلوچ

ہر دلعزیز سماجی شخصیت

جنرل منیجر مسلم کمرشل بینک بلوچستان سے انٹرویو

مسلم کمرشل بینک کی کھیلوں کے فروغ میں گرانقدر خدمات ہیں

بلوچستان میں صنعت و تجارت کے میدان میں ہمارے بینک کا قابلِ تعریف رول ہے

بینکاری کے شعبے میں محمد خلیل بلوچ کی شخصیت بلوچستان میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ کا شمار بلوچستان کے ممتاز اور معروف بینکار شخصیتوں میں ہوتا ہے ایک فرض شناس دیانت دار، تجربہ کار، خوش اخلاق، باصلاحیت بینکار کی حیثیت سے آپ کو حکومتی اور عوامی حلقوں میں انتہائی عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے آپ نے ایک سمجھے ہوئے ذمہ دار بینک ایگزیکٹو کی حیثیت سے اپنے بینک کے بزنس میں نمایاں اضافہ کیا ہے قارئین ہم آپ کو بتاتے چلیں محمد خلیل بلوچ گوادر بلوچستان کے انتہائی باعزت بلوچ خاندان سے تعلق رکھتے ہیں کراچی سے لاء گریجویٹ، بی اے، ایل ایل بی کرنے کے بعد بینکنگ انسٹیٹیوٹ سے ڈپلومہ لیا کچھ عرصہ وکالت کرنے کے بعد یکم اکتوبر 1970ء کو مسلم کمرشل بینک گریڈ 3 آفیسر کے حیثیت سے جائن کیا اپنے فرائض نہایت فرض شناسی سے ادا کرتے ہوئے 1983ء میں کوئٹہ میں پہلے پوسٹنگ زونل چیف مقرر ہوئے پھر 1989ء میں کوئٹہ میں سرکل ایگزیکٹو مقرر ہوئے کچھ عرصہ کراچی ہیڈ آفس میں خدمات سرانجام دینے کے بعد یکم اکتوبر 1994ء کو



معروف بینکار محمد خلیل بلوچ

بحیثیت جنرل منیجر مسلم کمرشل بینک بلوچستان زون تعینات ہوئے۔

محمد خلیل بلوچ نے بینکنگ کے فیلڈ میں سٹڈیز کے لئے دنیا کے کئی ملکوں کے دورے کئے ہیں حال ہی میں آپ نے بینک آف امریکہ کے ایک اہم بین الاقوامی سیمینار اور ترجیحی کورس LOR BANK EXCUTIVE MANAGEMENT نیو یارک اور سان فرانسسکو میں شرکت کی جس میں دنیا کے 29 ملکوں کے سینئر بینکار شریک تھے وہاں آپ کو ایشین اور یورپین ملکوں کے بینکاروں سے بینکنگ کے امور پر تبادلہ خیال اور تجربات سے استفادہ حاصل کرنے کا موقعہ ملا۔ بینکاری کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی اور مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے بینک کے شعبے میں مزید معلومات کے حصول کے لئے آپ نے برطانیہ، متحدہ عرب امارات اور سعودی عربیہ کے بھی دورے کئے ہیں



بلوچستان کے گورنر جنرل ریٹائرڈ عمران اللہ خان کے ساتھ ملاقات کرتے ہیں

وہاں بینکنگ کے فیلڈ میں منعقدہ سیمیناروں میں شرکت کی انہیں کھیلوں میں گہری دلچسپی ہے ان کا بینک بلوچستان میں کھیلوں کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے خلیل بلوچ نے بتایا ہمارے بینک کے صدر جناب حسین نوائی صاحب کو کھیلوں سے بے حد دلچسپی ہے وہ خود بھی سپورٹس مین ہیں انہوں نے بینک میں اچھے باصلاحیت کھلاڑیوں کو ملازمتیں فراہم کیں ہیں اس لحاظ سے یہ امر انتہائی خوش کن ہے کہ مسلم کمرشل بینک کھیلوں کے فروغ میں قومی سطح پر گرانقدر خدمات سرانجام دے رہا ہے بلوچستان کے حوالے سے بینک کی کارکردگی سے آگاہ کرتے ہوئے خلیل بلوچ نے بتایا بلوچستان پورے پاکستان میں مسلم کمرشل بینک کے دس ٹاپ کے سرکل میں سے ایک اہم سرکل ہے بلوچستان کی بینک ڈیپازٹ پوزیشن آڑھائی بلین کے قریب ہے بلوچستان میں بینک کی برانچز 39 ہیں ان برانچوں کے علاوہ کوئٹہ سٹی یوٹیلیٹی کولیکشن بوتھ عوام کی سہولت کے لئے کھولے گئے ہیں ملک بھر

محمد خلیل بلوچ کی طرف سے دعوت ڈنر کی ایک خوبصورت تقریب میں اہم شرکاء کا گروپ فوٹو

میں یہ 100 کے قریب بوتھ عوام کی سہولتوں کے لئے قائم کئے ہیں 1994ء میں 56 فی صد پرافٹ دیا ہے۔ بلوچستان میں صنعت و تجارت کے ذریعے بنک کا اہم رول ہے۔

پرائیویٹائزیشن میں آنے کے بعد مسلم کمرشل بنک نے MCB MASTER CARD ماسٹر کارڈ اسکیم شروع کی ہے اس کارڈ کے ذریعے دنیا کے ملکوں میں 12 ملین مرچنٹس سے پرچیز کی جا سکتی ہے ماسٹر کارڈ کی دو کیٹگری ہیں ایک ڈومیسٹک جو پاکستان کے لئے ہے دوسرا انٹرنیشنل جو بیرونی ملکوں میں استعمال ہوتا ہے اس کارڈ کی خوبی یہ ہے اس میں کارڈ ہولڈر کا فوٹو بھی ہوتا ہے جس کی وجہ سے اس اس کارڈ کا غلط استعمال نہیں ہوتا۔ اس کارڈ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے اگر کارڈ ہولڈر ایئر ٹریول کرنا چاہے ایئر ٹریول کرنے والے کو ایک ملین کی فری ایئر ٹریول انشورنس کور کی جملہ سہولت ہے ڈومیسٹک کارڈ جس کا کم از کم اجازت پندرہ ہزار ہو انٹرنیشنل کارڈ ایشو کے لئے فارن کرنسی دس ہزار یو ایس اے ڈالر یا کم از کم تین لاکھ بنک بیلنس ہو ایشو کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ ہمارے بنک نے ون ونڈو ایکسپورٹ مور EXPORTMORE فارن ایکسچینج بزنس نے اسکیم شروع کی ہے یہ اسکیم ایکسپورٹ میں اضافہ کے لئے ایکسپورٹرز کو بہت سرمایہ مہیا کرنے کے لئے ریٹ آف انٹرسٹ باقی بنکوں سے کم رکھا گیا ہے۔

اپنے بنک کی تفصیلات بتاتے ہوئے جنرل مینجر بلوچستان زون نے کہا 31 دسمبر کی سالانہ رپورٹ کے مطابق مسلم کمرشل بنک کا کیپٹل 2000,00 ملین سے زائد اور کل اکاؤنٹس کی تعداد 3,411,427 اور برانچز 1290 ہیں اس کی فارن برانچز مری بنک ڈھاکہ بنگلہ دیش اور نمائندہ آفس بیجنگ چائنہ اس کے علاوہ ازبکستان، ترکمانستان، کینیا، ساؤتھ افریقہ اور بحرین میں کھول رہے ہیں۔

○ مجھے پسند ہے!

ماہنامہ انٹرنیشنل کے کالم "مجھے پسند ہے" کے عنوان کے کالم میں آپ بھی اپنی پسند بھیجئے۔ مختصر مگر واضح نام و پتہ صاف لکھئے۔

حیدر کاظمی (راولپنڈی) ایسے لوگ جو غریب، افلاس اور جہالت کے خلاف جہاد کریں

ڈاکٹر اکبر (گوجرانوالہ) با اصول بیوی

ہما اسلم (چنیوٹ) دیہاتی زندگی

احمد رانا (میاں چنوں) ایسے لوگ جو وقت آنے سے پہلے سوچیں۔

عمران افضل (ڈیرہ) قدرتی مناظر

مسرت بشیر (کلکتہ) محبوب کی دھاڑی

ثریا (بہاولنگر) گلاب کا پھول۔

مجیدہ (ملتان) پرائیویٹ ٹیوٹ نظام تعلیم

غلام علی (کمالیہ) ایسے لوگ جو ہمیشہ سچ بولیں

رضیہ سلطانہ (جدہ) ایسا شوہر جو وقت پر گھر رہے۔

خوشحال خان (موڑ کھنڈا) ایسے لوگ جو خرید و فروخت میں انصاف کریں۔

رشید صدیقی (فیصل آباد) ایسے لوگ جو ہمیشہ مستقبل کا سوچیں اور ماضی نہ بھلائیں

گوگی (چیچہ وطنی) ایسی لوگ جو ہمیشہ دوسروں کی عزت نفس کا خیال رکھیں

مرتضٰی (نارووال) سچی محبت کرنے والے

فرخندہ (قصور) ایسے لوگ جو ہمیشہ اپنے آپ کو اپنی حقیقت کے مطابق ظاہر کریں۔

فرزانہ (رائے ونڈ) ایسے لوگ جو مصیبت کا وقت ہنس کر گزاریں۔

مرینہ ہاشمی (چنیوٹ) شرارتیں کرنا۔

جمیل مدہانی (نیویارک) صبح اٹھ کر سیر کرنا۔

کمال احمد (راولپنڈی) خوبصورت بیوی

آصف (ملتان) ظالموں کا مقابلہ کرنا۔

ممتاز سیاستدان محمد سرور خان کاکڑ کا تہلکہ خیز انٹرویو

صوبائی وزیر بلوچستان

انہیں قومی ترقی میں حصہ ملے۔ بلوچستان میں لوگوں کو خوراک، لباس، مکان، تعلیم، صحت، سمیت بنیادی ضروریات زندگی کی ضرورت ہے جبکہ بڑے دکھ کی بات ہے بلوچستان کے وسائل کو چند لوگ لوٹ رہے ہیں۔

سرور کاکڑ نے وفاقی حکومت کی بلوچستان کے لئے موجودہ پالیسی کو سراہتے ہوئے کہا محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں گہری دلچسپی رکھتی ہیں بلوچستان کے عوام کو خوشحال دیکھنا چاہتی ہیں۔

ایک سوال کے جواب میں سرور کاکڑ نے کہا بلوچستان کی صوبائی حکومت کو عوام اور صوبے کے عظیم تر مفاد میں وفاقی حکومت کے ساتھ تعلقات اچھے رکھنے چاہیے تاکہ محاذ آرائی کی بجائے افہام و تفہیم سے بے روزگاری، مہنگائی اور پسماندگی جیسے مسائل کو احسن طریقے سے حل کیا جائے۔

ایک اور سوال کے جواب میں سرور کاکڑ نے کہا

محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت تعمیر و ترقی میں دلچسپی لے رہی ہے

بلوچستان کی سیاست میں محمد سرور خان کاکڑ کو ایک ممتاز مقام حاصل ہے بلوچستان میں بسنے والے لاکھوں پشتونوں کے ترجمان لیڈر کے طور پر ابھرے ہیں آپ بلوچستان اسمبلی کے رکن، تاج جمالی حکومت میں سینئر صوبائی وزیر اور موجودہ حکومت میں صوبائی وزیر ہیں محمد سرور کاکڑ بڑے کھرے، صاف گو، نڈر قسم کے سیاسی رہنما ہیں منافقت اور جھوٹ کی بجائے کھری کھری سنانے میں عار محسوس نہیں کرتے ان کی اس خوبی سے بعض لوگوں کو تکلیف پہنچتی ہے.......

